TAMSAAL
ISSN Print: 3007-5939
ISSN Online: 3007-5947
Volume 4, Number 5, 2026, Pages 168 – 187
Journal Home Page
https://tamsaal.pk/index.php/tamsaal/index

# Amir Khusro's Musical Knowledge and the Debates Surrounding His Stay in Multan: A Research and Critical Study

امیر خسرو کا علم موسیقی اور ملتان میں قیام کے مباحث: تحقیقی و تنقیدی مطالعہ

**Rehab Javaid[1], Dr. Imtiaz Hussain Baloch[2], Nida Saeed[3]**

*[1]M. Phil Scholar, Department of Urdu University of Southern Punjab (USP) Multan*
*Email: javedrehab2@gmail.com*
*[2]Professor, Head of Urdu Department University of Southern Punjab, Multan*
*Email: imtiazhussain@usp.edu.pk*
*[3]Scholar PhD Urdu, department of Urdu University of Southern Punjab (USP) Multan*
*Email: nidasaeed506@gmail.com*

**ARTICLE INFO**

***Article History:***

| | | |
|---|---|---|
| *Received:* | *April* | *13, 2026* |
| *Revised:* | *May* | *07, 2026* |
| *Accepted:* | *May* | *14, 2026* |
| *Available Online:* | *May* | *20, 2026* |

***Keywords:***
*Amir Khusro; Indian Music; Qawwali; Tarana; Qaul; Qalbana; Khayal; Sufi Music; Persian and Indian Musical Traditions; Multan; Prince Muhammad; Sultan Ghiyasuddin Balban; Mongol Invasion; Medieval India; Cultural Exchange.*

***Corresponding Author:***
*Dr. Imtiaz Hussain Baloch*
***Email:***
*imtiazhussain@usp.edu.pk*

***DOI:*** *https://doi.org/10.59075/tamsaal.v4i5.180*

OPEN ACCESS

## ABSTRACT

*Amir Khusro occupies a significant position in the literary, cultural, and musical history of the Indian subcontinent. This research article, titled "Amir Khusro's Musical Knowledge and the Debates Surrounding His Stay in Multan: A Research and Critical Study," examines his contribution to Indian music, particularly his association with qawwali, tarana, qaul, qalbana, khayal, ragas, and various musical traditions. The study distinguishes between historical evidence, traditional narratives, and later scholarly interpretations concerning these contributions. It also explores the relationship between Khusro's poetry, music, and Sufi thought. The article further focuses on Khusro's approximately five-year stay in Multan during the period of Prince Muhammad, son of Sultan Ghiyasuddin Balban. Multan's literary, cultural, political, and Sufi environment and its influence on Khusro are discussed, along with the Mongol attack, the death of Prince Muhammad, and Khusro's captivity. The study concludes that Khusro's musical significance is best understood through his creative synthesis of Indian and Persian traditions rather than by attributing every musical innovation solely to him. His association with Multan also highlights the close relationship between literature, music, Sufism, and cultural exchange in medieval India.*

***© 2026 The Authors, Published by ULLR. This is an Open Access Article under the Creative Common Attribution (CC-BY 4.0)***

امیر خسرو برصغیر کی ادبی، تہذیبی اور ثقافتی تاریخ کی ان ممتاز شخصیات میں شمار ہوتے ہیں جن کی خدمات کا دائرہ محض شاعری تک محدود نہیں بلکہ موسیقی، تصوف، زبان، ثقافت اور فنونِ لطیفہ تک پھیلا ہوا ہے۔ ہندوستانی موسیقی کی تاریخ میں بھی ان کا نام غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ ان کے بارے میں یہ تصور عام ہے کہ انھوں نے ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کے باہمی اختلاط سے موسیقی کے بعض نئے اسالیب، راگوں اور گائیکی کی صورتوں کو فروغ دیا۔ بعض اہلِ علم نے انھیں نئے سازوں اور موسیقی کی مختلف اصناف کا موجد قرار دیا ہے، جب کہ بعض محققین نے ان دعووں کو تاریخی شواہد کی روشنی میں محتاط انداز سے دیکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ اس لیے امیر خسرو کے موسیقی سے تعلق کا مطالعہ کرتے ہوئے ان سے منسوب روایات، تاریخی شواہد اور بعد کے محققین کی آرا کو باہم سامنے رکھنا ضروری ہے۔ ان کی شخصیت کا یہی پہلو انھیں محض ایک شاعر کے بجائے ایک ہمہ جہت فن کار کے طور پر سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ سید عابد علی عابد (مرحوم) کے بقول:

> "صدیوں کے بعد کبھی بطن گیتی سے ایسا فرزند جلول بھی پیدا ہوتا ہے کہ دراصل جامع کمالات ہوتا ہے لیکن اتفاق سے زمانہ اسے کسی خاص فن سے منسوب کر دیتا ہے۔ جن لوگوں پر یہ حادثہ گزرا ہے ان میں بوعلی سینا، خیام اور امیر خسرو بہت نمایاں ہیں۔ امیر کے شعری کمالات کا مقام اتنا بلند ہے کہ عام طور پر جو چار چاند انھوں نے کلاسیکی سنگیت کو لگائے ہیں اس روشنی کی کرنیں بہت سے لوگوں تک نہیں پہنچیں۔ ہاں بالعموم لوگ صرف یہ جانتے ہیں کہ الا ماشاء اللہ موسیقی میں ابھی امیر کو مہارت حاصل تھی۔"(۱)

امیر خسرو ہندوستانی اور ایرانی دونوں موسیقی کے نظاموں سے واقف تھے۔ ان کے عہد میں ہندوستان مختلف تہذیبی، لسانی اور ثقافتی اثرات کے باہمی ملاپ کا مرکز بن چکا تھا۔ وسطی ایشیا، ایران اور افغانستان سے آنے والے افراد اپنے ساتھ مختلف تہذیبی روایات، فنون اور موسیقی کے ذوق بھی لائے۔ دوسری طرف ہندوستان کی اپنی قدیم موسیقی کی روایت پہلے سے مضبوط اور وسیع تھی۔ اس ماحول میں جب مقامی اور غیر مقامی تہذیبی عناصر ایک دوسرے کے قریب آئے تو موسیقی کے میدان میں بھی تبادلے اور امتزاج کا عمل شروع ہوا۔ امیر خسرو اسی تہذیبی ماحول کے نمائندہ فن کار تھے۔ انھوں نے ایرانی موسیقی کے تجربے اور ہندوستانی موسیقی کی قدیم روایت دونوں کو سمجھنے کی کوشش کی اور اس امتزاج کو اپنی شعری اور موسیقائی سرگرمیوں میں جگہ دی۔ ان کی تصنیف ''نُہ سپہر'' میں ہندوستانی موسیقی کی تعریف اور ہندوستانی ثقافت کے مختلف پہلوؤں کا ذکر بھی ملتا ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ہندوستانی تہذیب کے مختلف مظاہر سے گہری واقفیت رکھتے تھے۔

امیر خسرو کے بارے میں موسیقی کے حوالے سے سب سے زیادہ معروف روایات میں مختلف آلاتِ موسیقی کی ایجاد یا ان میں تبدیلی کی نسبت شامل ہے۔ بعض اہلِ علم نے یہ بیان کیا ہے کہ انھوں نے ہندوستانی موسیقی کے متعدد سازوں کی ساخت اور طریقۂ استعمال میں تبدیلیاں پیدا کیں۔ ان کے ساتھ طبلہ اور ستار کی ایجاد کو بھی منسوب کیا جاتا ہے۔ بعض روایات کے مطابق انھوں نے پکھاوج کو دو حصوں میں تقسیم کر کے طبلے کی موجودہ صورت پیدا کی۔ اسی طرح ستار کو بھی ان کی ایجاد قرار دینے والی ایک روایت موجود ہے۔ تاہم ان نسبتوں کو تاریخی طور پر قطعی قرار دینے میں محققین کے درمیان اتفاق نہیں پایا جاتا۔ اس سلسلے میں یہ بات خاص طور پر قابلِ توجہ ہے کہ امیر خسرو نے اپنی معروف تحریروں میں اپنی موسیقائی ایجادات کی اسی طرح تفصیلی فہرست پیش نہیں کی جس طرح انھوں نے شاعری اور زبان کے حوالے سے اپنی

صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ امیر خسرو صرف شاعر نہیں تھے بلکہ علم و فضل کے اعتبار سے بھی بلند مقام رکھتے تھے۔ عربی اور فارسی کے علاوہ انھیں ہندوستانی زبان اور ثقافت سے بھی گہری واقفیت تھی۔ ان کے علمی مزاج اور مختلف فنون سے شغف کو دیکھتے ہوئے یہ امکان ضرور پیدا ہوتا ہے کہ موسیقی کے اصول و مبادی سے ان کی واقفیت محض سطحی نہیں بلکہ عملی نوعیت کی تھی۔ ان کے ایک شعر کو بعض اہلِ علم نے اس بات کی طرف اشارہ قرار دیا ہے کہ اگر انھوں نے موسیقی کے موضوع پر لکھا ہوتا تو اس موضوع پر بھی کئی دفاتر وجود میں آ سکتے تھے۔ تاہم ان سے منسوب موسیقی کی ایسی مستقل کتابیں آج دستیاب نہیں ہیں۔ اس لیے ان کے موسیقی سے متعلق خیالات کو ان کی شاعری، نثر، معاصر ماحول اور بعد کی موسیقائی روایات کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

ستار کے بارے میں بھی امیر خسرو سے متعلق روایت خاصی معروف ہے۔ بعض مصنفین نے انھیں ستار کا موجد قرار دیا ہے، جب کہ دوسری رائے کے مطابق ستار کی ابتدائی شکلیں امیر خسرو سے پہلے بھی موجود تھیں۔ لفظ "ستار" کے حوالے سے تین تاروں والے قدیم ساز کی طرف بھی اشارہ کیا گیا ہے اور بعض محققین نے اس کے رشتے کو وسطی ایشیائی یا ایرانی سازوں سے جوڑنے کی کوشش کی ہے۔ اس لیے یہ کہنا زیادہ محتاط ہوگا کہ امیر خسرو نے اگر ستار کی ایجاد نہیں کی تو ممکن ہے کہ اس کی ساخت، تاروں یا بجانے کے طریقے میں کسی مرحلے پر تبدیلی اور ارتقا میں حصہ لیا ہو۔ بعد کے زمانے میں یہی روایت مضبوط ہوتی گئی اور ستار کو ان کے نام سے وابستہ کر دیا گیا۔ ستار کی ساخت بھی اس کے پیچیدہ اور ترقی یافتہ ساز ہونے کی نشاندہی کرتی ہے۔ اس میں تُمبا، گلو، ڈنڈا، تبلی، کھونٹیاں، تار، گھَرج، جواری، پردے، لنگوٹ، تَرَب اور دیگر اجزا شامل ہوتے ہیں۔ بجانے والے کے لیے تاروں کی ترتیب، پردوں کی نشست اور مضراب کے استعمال کی خصوصی مہارت درکار ہوتی ہے۔ یہ تمام عناصر مل کر ستار کو ایسا ساز بناتے ہیں جس میں سروں کی باریکیاں اور راگ کی مختلف کیفیات نمایاں کی جا سکتی ہیں۔ ستار کی موجودہ شکل ایک طویل تاریخی ارتقا کا نتیجہ محسوس ہوتی ہے، اس لیے اس کی پوری ساخت کو کسی ایک فرد کی ایجاد قرار دینے کے بجائے اس کے تدریجی ارتقا کو سامنے رکھنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ رشید ملک کے بقول:

> "اگر ستار امیر خسرو کی ایجاد ہوتی تو کہیں نہ کہیں ان کی نگارشات میں اس کا ذکر ضرور ملتا۔ اس زمانے کے شعراء اپنے کارناموں کا ذکر اپنے اشعار میں اکثر کرتے تھے۔ اس بات میں حضرت امیر بھی اپنے کسی ہم عصر سے پیچھے نہ تھے۔ لیکن ستار کے بارے میں ان کی خاموشی اس بات کی دلیل ہے کہ انہیں اس کی ایجاد سے کوئی واسطہ نہ تھا۔"(۲)

ستار کے بارے میں اختلاف کی ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ بعض قدیم فہرستوں میں ایسے سازوں کا ذکر موجود ہے جن سے ستار کی نسبت قائم کی جا سکتی ہے، مگر امیر خسرو کی طرف سے اپنی تحریروں میں ستار کی ایجاد کا واضح دعویٰ سامنے نہیں آتا۔ بعض محققین کا خیال ہے کہ اگر امیر خسرو نے واقعی ستار ایجاد کیا ہوتا تو ممکن ہے کہ وہ اس کا ذکر اپنی موسیقائی معلومات کے بیان میں ضرور کرتے۔ اسی وجہ سے وحید مرزا جیسے محققین نے ستار کے تاریخی پس منظر کو قدیم ہندوستانی اور وسطی ایشیائی سازوں کے تناظر میں دیکھنے کی کوشش کی۔ ان کے نزدیک ستار کی روایت کو صرف امیر خسرو کی ذات تک محدود کرنا تاریخی عمل کی پیچیدگی کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہوگا۔

طبلے کی ایجاد بھی امیر خسرو سے منسوب کی جاتی ہے۔ اس حوالے سے مشہور روایت یہ ہے کہ پکھاوج کو درمیان سے کاٹ کر دو الگ حصوں میں تقسیم کیا گیا اور یوں طبلے کی شکل وجود میں آئی۔ اس روایت نے عوامی اور ادبی حلقوں میں خاصی

شہرت حاصل کی، لیکن تاریخی تحقیق کی سطح پر اس کی مکمل توثیق آسان نہیں۔ ہندوستان میں مختلف اقسام کے ڈھول اور ضربی ساز امیر خسرو سے بہت پہلے موجود تھے۔ قدیم ہندوستانی ادب میں بھی ڈھول، مردنگ اور دیگر ضربی سازوں کے تذکرے ملتے ہیں۔ اس لیے طبلے کی موجودہ ساخت کو ایک طویل ارتقائی عمل کا نتیجہ سمجھنے کی گنجائش موجود ہے۔ البتہ امیر خسرو کے عہد میں موسیقی کے مختلف اندازوں کے ساتھ ضربی سازوں کے استعمال میں جو تبدیلیاں آئیں، ان کے حوالے سے ان کا کردار اہم ہو سکتا ہے۔ طبلے کے دونوں حصوں کی اپنی الگ ساخت اور آواز ہے۔ دائیں جانب کے طبلے کو عموماً تیز اور واضح سروں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جب کہ بائیں جانب کا ساز نسبتاً گہری آواز پیدا کرتا ہے۔ اس کی پوری سطح مختلف اجزا سے مل کر بنتی ہے جن میں پُڑی، چانٹی، گجرا، سیاہی، میدان اور دیگر حصے شامل ہیں۔ سیاہی طبلے کی آواز کو مخصوص گونج اور سر عطا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ گٹے تاروں کو کسنے اور ڈھیلا کرنے میں مدد دیتے ہیں اور یوں ساز کی آواز کو مطلوبہ سطح پر لانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ طبلے کی یہ فنی پیچیدگی اس بات کو واضح کرتی ہے کہ اس کی موجودہ صورت کسی ایک مختصر مرحلے کی بجائے طویل فنی تجربے اور ارتقا کا نتیجہ ہے۔ استاد چاند خان لکھتے ہیں کہ:

> "طبلے کی بناوٹ میں حضرت امیر خسرو نے بڑی علمی فنی قابلیت اور اعلیٰ دماغ کا ثبوت دیا ہے۔ اول تو طبلہ کے دو حصہ ہونے کی وجہ سے مردنگ پکھاوج اور ڈھولک وغیرہ کا وہ عیب جو ان کے ایک پول ہونے کی وجہ سے ان میں پیدا ہوتا ہے کہ ان میں گونج زیادہ پیدا ہو جاتی ہے اور آواز بدھی۔ بھیانک اور بے سری معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ جب ان کے ایک طرف تھاپ ماری جاتی ہے تو دوسری طرف کی پڑی میں اس کی گونج پیدا ہوتی ہے چونکہ مردنگ، پکھاوج اور ڈھولک وغیرہ کے دائیں ہاتھ کی پڑی تو سر میں ملی ہوئی ہوتی ہے۔ مگر بائیں ہاتھ کی پڑی میں اس کی گونج پیدا ہوتی ہے چونکہ مردنگ۔ پکھاوج اور ڈھولک وغیرہ کے دائیں ہاتھ کی پڑی تو سر میں ملی ہوئی ہوتی ہے۔ مگر بائیں ہاتھ کی پڑی ڈھیلی اور بے سری ہوتی ہے۔ کیونکہ جب ان کے ایک طرف تھاپ ماری جاتی ہے تو دوسری طرف کی پڑی میں اس کی گونج پیدا ہوتی ہے چونکہ مردنگ، پکھاوج اور ڈھولک وغیرہ کے دائیں ہاتھ کی پڑی تو سر میں ملی ہوئی ہوتی ہے۔ مگر بائیں ہاتھ کی پڑی ڈھیلی اور بے سری ہوتی ہے اس لئے ان دونوں کی آواز کی مل کر جو گونج پیدا ہوتی ہے وہ بھیانک اور بے سری معلوم ہوتی ہے مگر طبلہ کے دو حصہ ہونے کی وجہ سے یہ عیب دور ہو جاتا ہے۔"(۳)

امیر خسرو کی شاعری اور موسیقی کا تعلق بھی نہایت گہرا تھا۔ ان کے اشعار صوفیانہ محافل میں گائے گئے اور عام لوگوں تک بھی پہنچے۔ ان کے کلام کی ایک خاص خوبی یہ ہے کہ اسے مختلف سطحوں پر سمجھا جا سکتا ہے۔ صوفی اس میں روحانی معنی تلاش کرتا ہے جب کہ عام سامع اسے محبت، حسن، جدائی یا انسانی جذبات کے حوالے سے محسوس کر سکتا ہے۔ یہی کثیر المعنویت ان کی شاعری کو موسیقی کے لیے موزوں بناتی ہے۔ جب شعر کی آواز، آہنگ اور معنی ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہو جائیں تو وہ صرف پڑھنے کا متن نہیں رہتا بلکہ سماعت کا تجربہ بن جاتا ہے۔ امیر خسرو کے کلام کے ساتھ بھی یہی صورت حال پیدا ہوئی اور ان کے اشعار مختلف موسیقائی اندازوں میں گائے جاتے رہے۔ ڈھولک یا اس سے ملتے جلتے ضربی سازوں کو بھی امیر خسرو کے موسیقائی ماحول سے جوڑا جاتا ہے۔ بعض روایات میں اس کے مختلف ناموں اور ایرانی یا وسطی ایشیائی

پس منظر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ ہندوستانی ماحول میں پہنچنے کے بعد ان سازوں کے استعمال اور ساخت میں تبدیلیاں آئیں۔ انگلیوں سے بجانے کی تکنیک نے ان سازوں کو گائیکی، لوک گیت اور صوفیانہ موسیقی کے لیے زیادہ موزوں بنا دیا۔ قوالی کی محفلوں اور عوامی گیتوں میں ضربی سازوں کا استعمال سامعین کی توجہ برقرار رکھنے اور کلام کی لے کو نمایاں کرنے میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ ڈھول جس کو فارسی میں کوس کہتے ہیں، "جہان خسرو" میں فاروق ارگلی لکھتے ہیں کہ:

> "خسرو نے کوس میں ترمیم کر کے ایک ہندی ساز بنا دیا۔ کوس لکڑی سے بجایا جاتا تھا۔ خسرو نے انگلیوں سے بجانے کی جدت پیدا کی۔ اس کے لیے بھی طبلے کے بولوں کی طرح بول بنائے۔ یہ ساز قوالی میں سنگت کا باجا ہے۔ عورتوں کے گیتوں اور سوہیلوں کے ساتھ بھی ڈھولک ہی مزا دیتی ہے۔ قوالی کا توڑ ڈھولک کے بغیر کوئی لطف ہی نہیں آتا۔ اس کی تھاپ مجلس کو گرما دیتی ہے اور دھنوں اور لفظوں کو ابھارتی ہے۔"(۴)

امیر خسرو سے موسیقی کے تال اور لَے کے حوالے سے بھی متعدد نسبتیں قائم کی گئی ہیں۔ ہندوستانی موسیقی میں تال بنیادی حیثیت رکھتی ہے، کیونکہ اس کے بغیر گائیکی، ساز اور رقص کی باقاعدہ ترتیب ممکن نہیں رہتی۔ ماترا تال کی بنیادی اکائی ہے جب کہ لَے رفتار اور زمانی تسلسل کو منظم کرتی ہے۔ عام طور پر وِلمبت، مدھیہ اور دُرت جیسی رفتاریں موسیقی کی ادائیگی میں مختلف کیفیات پیدا کرتی ہیں۔ امیر خسرو کے بارے میں یہ کہا گیا ہے کہ انھوں نے مختلف تالوں اور گائیکی کے طریقوں کو منظم کرنے میں کردار ادا کیا۔ تاہم یہاں بھی تاریخی نسبتوں کو قطعی ایجاد کے بجائے موسیقی کے ارتقائی عمل میں ان کے ممکنہ کردار کے طور پر دیکھنا زیادہ مناسب ہے۔

امیر خسرو سے موسیقی کی متعدد اصناف کی ایجاد بھی منسوب کی جاتی ہے۔ ان میں قول، قلبانہ، ترانہ، خیال، نقش، گل، بسیط، رنگ اور قوالی وغیرہ کے نام نمایاں ہیں۔ اسی طرح لوک موسیقی کی بعض صورتوں، مثلاً منڈھا، ساون، جھولا، بارہ ماسہ، سہرا، سہاگ، بنڑا اور ہولی وغیرہ کے ساتھ بھی ان کی نسبت کے حوالے ملتے ہیں۔ پہیلی اور دوسخن جیسی ادبی و موسیقائی صورتوں میں بھی ان کی دلچسپی نظر آتی ہے۔ ان اصناف کے بارے میں ضروری ہے کہ ایجاد اور ارتقا کے فرق کو پیش نظر رکھا جائے۔ کسی صنف کی موجودہ صورت کو کسی ایک فن کار کی مکمل ایجاد قرار دینا ہمیشہ تاریخی طور پر آسان نہیں ہوتا، کیونکہ فنون عموماً اجتماعی تجربے، تہذیبی تبادلے اور کئی نسلوں کے فنی عمل سے تشکیل پاتے ہیں۔

خیال اور ترانہ کے حوالے سے بھی امیر خسرو کا نام بار بار سامنے آتا ہے۔ خیال کو بعد میں ہندوستانی کلاسیکی موسیقی کی اہم صنف کی حیثیت حاصل ہوئی۔ ترانے میں الفاظ کی جگہ ایسے صوتی اجزا اور بول استعمال ہوتے ہیں جو موسیقی کی لے اور آہنگ کے ساتھ خاص مناسبت پیدا کرتے ہیں۔ بعض روایات کے مطابق ترانے کی تشکیل ایسے ماحول میں ہوئی جہاں فارسی اور ہندوستانی موسیقی کے عناصر ایک دوسرے سے قریب آئے۔ فارسی کے مختصر اور خوش آہنگ الفاظ یا صوتی ترکیبات کو موسیقی کی لے میں استعمال کیا گیا۔ اس عمل سے گائیکی میں ایک ایسی صورت پیدا ہوئی جس میں معنی کے ساتھ ساتھ صوتی حسن بھی بنیادی اہمیت اختیار کرتا ہے۔ استاد چاند خان کے بقول:

> "حضرت امیر خسرو نے جو ترانے بنائے ہیں وہ بامعنی ہیں۔ مگر بعد کے ماہرین فن نے جو ترانے بنائے ہیں۔ ان کے کچھ معنے پیدا نہیں ہوتے اس لئے عام لوگ یہ کہتے ہیں کہ

> ترانے میں بے معنی الفاظ ہوتے ہیں دراصل وہ ترانے کی اس حقیقت سے واقف نہیں ہیں۔ ترانے کے چند مخصوص الفاظ ہوتے ہیں اور انھیں الفاظوں کی لوٹ پلٹ سے مختلف بامعنی الفاظ بنتے میں ترانے میں بھی خیال کی طرح دو ہی حصہ ہوتے ہیں۔ آستائی اور انترا۔ حضرت امیر خسرو نے ترانہ کے کئی اقسام بنائے ہیں مثلاً ترانہ کی ایک قسم یہ ہے کہ اس کے آستائی انترے میں صرف ترانے کے ہی بول ہوتے ہیں۔"(۵)

ترانے کے بارے میں ایک روایت یہ بھی ہے کہ فارسی اور مختصر صوتی اجزا کے ذریعے موسیقی میں ایسے بول پیدا کیے گئے جو راگ اور تال کی ضرورت پوری کر سکیں۔ اس کی ترقی یافتہ صورتوں میں تروٹ، خیال اور چترنگ جیسے نام سامنے آتے ہیں۔ پکھاوج اور طبلے کے بولوں کو گائیکی میں شامل کرنے سے موسیقی کی صوتی ساخت میں مزید تنوع پیدا ہوا۔ چترنگ میں مختلف انگوں کے امتزاج کی روایت بھی بیان کی جاتی ہے۔ نقش اور گل میں موضوعاتی اور موسمی مضامین کو مخصوص گائیکی کے ساتھ مربوط کرنے کی کوشش کی گئی۔ یہ تمام عناصر اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ موسیقی میں لفظ اور آواز کے باہمی تعلق پر مسلسل تجربات جاری تھے۔

قلبانہ، نقش اور گل جیسی موسیقائی صورتیں بھی اسی تجرباتی ماحول کا حصہ قرار دی جاتی ہیں۔ ان میں مختصر شعری بندش، صوتی تکرار اور لے کی تبدیلیوں کے ذریعے گائیکی میں تنوع پیدا کیا جاتا تھا۔ ترانے اور قلبانہ کے بارے میں بعض روایات امیر خسرو کو براہِ راست ان کا موجد قرار دیتی ہیں، لیکن دوسری طرف موسیقی کے بعض محققین کا کہنا ہے کہ ان اصناف کی جڑیں ان سے پہلے کی موسیقی میں بھی تلاش کی جا سکتی ہیں۔ اس اختلاف کے باوجود یہ بات اہم ہے کہ امیر خسرو کا عہد ہندوستانی موسیقی میں نئے تجربات اور مختلف تہذیبی اثرات کے باہمی امتزاج کا زمانہ تھا۔ اس لیے ان کا نام اس تبدیلی کے ایک نمایاں نمائندے کے طور پر ضرور سامنے آتا ہے۔

قوالی کے بارے میں امیر خسرو سے منسوب روایت سب سے زیادہ معروف ہے۔ عام طور پر یہ تصور کیا جاتا ہے کہ انھوں نے قوالی کو ایک منظم موسیقائی صورت عطا کی اور اسے صوفیانہ سماع کے ماحول میں مقبول بنانے میں کردار ادا کیا۔ تاہم رشید ملک جیسے محققین نے اس نسبت کو زیادہ محتاط انداز میں دیکھتے ہوئے یہ موقف پیش کیا ہے کہ قوالی کسی ایک فرد کی ذاتی ایجاد نہیں بلکہ مختلف تہذیبی اور موسیقائی روایتوں کے باہمی اختلاط سے وجود میں آنے والی ارتقائی صورت ہے۔ اسی طرح "قول" کے بارے میں بھی یہ دلیل پیش کی گئی ہے کہ یہ صنف امیر خسرو سے پہلے موجود تھی۔ رشید ملک اپنی کتاب "امیر خسرو کا علم موسیقی" میں لکھتے ہیں کہ:

> "اگر ہم ستار، طبلہ، ڈھول 'قوالی اور ترانے کو مسلمانوں کی ایجادات یا ان کے رائج کردہ ساز کہیں تو ہم تاریخی لحاظ سے بالکل حق بجانب ہیں۔ لیکن ان سب چیزوں کی ایجاد کو صرف ایک آدمی سے منسوب کر دینا اپنی ہی ثقافت سے ہماری مکمل لاعلمی کی دلیل ہے۔"(٦)

قدیم ہندوستانی موسیقی میں ضربی سازوں کی موجودگی بھی اس بات کو واضح کرتی ہے کہ موسیقی کی تمام اہم اختراعات کو امیر خسرو کے عہد سے وابستہ نہیں کیا جا سکتا۔ قدیم ہندوستانی متون میں وناسپتی، دندوبھی، اُدمبر اور بھومی دندوبھی جیسے سازوں کے تذکرے ملتے ہیں۔ رامائن میں بھی ڈھول اور مردنگ جیسے سازوں کا ذکر موجود ہے۔ پکھاوج کی روایت بھی قدیم ہندوستانی موسیقی میں جڑیں رکھتی ہے۔ ان شواہد کی روشنی میں یہ کہنا مشکل ہے کہ امیر خسرو نے ضربی سازوں کا بنیادی

تصور پہلی مرتبہ متعارف کرایا۔ تاہم یہ امکان برقرار رہتا ہے کہ ان کے دور میں ان سازوں کی ساخت، استعمال اور گائیکی کے ساتھ ان کی ہم آہنگی میں بعض تبدیلیاں پیدا ہوئی ہوں۔

امیر خسرو کی موسیقی دانی کے سلسلے میں درباری اور صوفیانہ دونوں ماحول اہم ہیں۔ ان کا تعلق سلطنتِ دہلی کے دربار سے تھا اور وہ حضرت نظام الدین اولیا کی خانقاہ سے بھی گہری وابستگی رکھتے تھے۔ دربار میں موسیقی کے ماہرین اور مختلف علاقوں سے آنے والے فن کار موجود تھے۔ خانقاہ میں سماع کی روایت نے موسیقی کو روحانی تجربے سے جوڑ دیا تھا۔ یوں امیر خسرو کو دو مختلف مگر باہم مربوط موسیقائی ماحول میسر آئے۔ ایک طرف درباری موسیقی کا فنی اور جمالیاتی معیار تھا اور دوسری طرف صوفیانہ سماع کی روحانی فضا۔ ان دونوں اثرات نے ان کے فن کو ایک خاص رنگ عطا کیا۔

امیر خسرو سے متعدد راگوں کی ایجاد یا تشکیل بھی منسوب کی گئی ہے۔ ان میں مجیر، ساز گیری، ایمن، عشاق، موافق، غنم، زِلاف، فرغانہ، سرپردہ، بخروز، فردوست اور منم وغیرہ کے نام ملتے ہیں۔ بعض روایات کے مطابق یہ راگ ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کے امتزاج سے تشکیل پائے۔ بعض راگ ایسے بھی ہیں جن کے بارے میں یہ کہا گیا کہ ان کے اجزا مختلف قدیم راگوں یا مقامات سے لیے گئے تھے۔ اس صورت میں امیر خسرو کی حیثیت ایک ایسے فن کار کی بن سکتی ہے جو مختلف موسیقائی عناصر کو یکجا کر کے نئی ترکیبیں وضع کرتا تھا۔ ان سے منسوب بعض راگ بعد کے زمانے میں اپنی سابقہ مقبولیت برقرار نہ رکھ سکے۔ فردوست، عشاق، مجیر، موافق، شہناز، غنم، صنم، فرغانہ اور باخرو جیسے نام بعض روایات میں محفوظ ہیں لیکن موجودہ موسیقائی روایت میں ان سب کی یکساں حیثیت باقی نہیں رہی۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ موسیقی کی اصناف اور راگ بھی زبان اور ادب کی طرح تاریخی تغیر کا شکار ہوتے ہیں۔ جو راگ ایک دور میں مقبول ہوتا ہے، ضروری نہیں کہ بعد کی نسلوں میں بھی اسی طرح رائج رہے۔ اس لیے امیر خسرو سے منسوب راگوں کا مطالعہ صرف ان کی ایجاد کے سوال تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس بات کو بھی سامنے رکھنا چاہیے کہ ان راگوں نے اپنے عہد میں کس قسم کی موسیقائی ضرورت پوری کی اور بعد میں ان کا کیا انجام ہوا۔ "جہانِ خسرو" میں فاروق ارگلی لکھتے ہیں کہ:

> "خسرو نے موسیقی کی قدیم روایتوں کو توڑا ہی نہیں بلکہ قدیم وجدید روایتوں کو بروئے کار لا کر ایک انوکھا ڈھنگ پیش کیا۔ بعض ہندی راگوں میں خسرو نے تھوڑا تھوڑا تصرف کر کے نئی نئی دھنیں اور راگنیاں پیش کیں۔ مثلاً گونڈ ملہار اور کانٹرا سے باگیسری قوالی کے نام سے دُھن بنائی۔"(۷)

امیر خسرو کی موسیقائی اہمیت کو بعض اہلِ علم نے ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کے درمیان ایک پل کی حیثیت سے بیان کیا ہے۔ ان کے عہد میں دو مختلف موسیقائی روایتیں ایک دوسرے سے قریب آ رہی تھیں۔ ہندوستانی موسیقی اپنی قدیم راگ، راگنی، تال اور گائیکی کی روایت رکھتی تھی جب کہ ایرانی موسیقی اپنے مقامات، دھنوں اور سازوں کے ساتھ ہندوستانی ماحول میں داخل ہو رہی تھی۔ امیر خسرو نے اس تہذیبی میل جول کو سمجھا اور اسے اپنے فنی تجربے کا حصہ بنایا۔ قوالی کے ذریعے موسیقی دربار سے خانقاہ اور پھر عوامی سطح تک پہنچی، جس سے اس کے دائرۂ اثر میں وسعت پیدا ہوئی۔

امیر خسرو سے منسوب راگوں کی ایک دوسری فہرست میں ایمن یا یمن کلیان، شاہانہ، بہار، فردوست، گھارا، زلاف، زنگولہ، عشاق، فرغانہ، سرپردہ، صنم، غنم، مجیر، باخرو، حجاز، شہناز، ساز گیری اور کافی کے نام ملتے ہیں۔ اس فہرست سے اندازہ ہوتا ہے کہ بعد کے موسیقی شناسوں نے مختلف راگوں کی نسبت امیر خسرو کے ساتھ قائم کی۔ تاہم تمام راگوں کے بارے میں شواہد کی نوعیت ایک جیسی نہیں ہے۔ بعض کے حوالے قدیم موسیقی کی روایت میں ملتے ہیں اور بعض کے بارے

میں بعد کے مصنفین نے نسبت قائم کی۔ اس لیے ان تمام راگوں کو بلا امتیاز امیر خسرو کی ایجاد قرار دینا تاریخی تحقیق کے اصولوں سے ہم آہنگ نہیں ہوگا۔ ایمن یا یمن کلیان کے بارے میں بھی مختلف آرا سامنے آتی ہیں۔ بعض موسیقی شناس اسے قدیم راگوں کی روایت سے وابستہ کرتے ہیں اور بعض اسے امیر خسرو کے عہد میں نئی شکل ملنے سے جوڑتے ہیں۔ اس نام کی ساخت اور مختلف علاقوں میں اس کے استعمال نے بھی تحقیق کے کئی امکانات پیدا کیے ہیں۔ اسی طرح بعض تحریروں میں اس کے بہت قدیم تاریخی پس منظر کی طرف اشارے ملتے ہیں، لیکن ایسے دعووں کو قطعی نتیجہ سمجھنے کے بجائے متعلقہ تاریخی شواہد کی روشنی میں دیکھنا ضروری ہے۔ امیر خسرو کے عہد میں موجود موسیقی کے ساتھ ان راگوں کے تعلق کا سوال ابھی بھی تحقیق کا موضوع بن سکتا ہے۔ فردوست کے حوالے سے بھی نسبت اور نام کے بارے میں اختلاف ملتا ہے۔ بعض اہلِ علم اس کے نام کو فارسی یا ایرانی موسیقی کی بعض قدیم اصطلاحات سے مربوط کرتے ہیں، جب کہ کچھ کے نزدیک بعد کی روایت میں لفظی تبدیلی یا تلفظ کے باعث اس کی اصل صورت تبدیل ہوئی۔ موسیقی کی قدیم اصطلاحات کے مطالعے میں یہ مسئلہ عام ہے کہ ایک ہی لفظ مختلف زبانوں اور علاقوں میں مختلف صورتوں میں استعمال ہوتا رہا ہے۔ اس لیے فردوست کے معاملے میں بھی صرف نام کی مماثلت کو بنیاد بنا کر کسی ایک شخص یا ایک عہد کی ایجاد کا حتمی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ زنگولہ اور سرپردہ کے بارے میں بھی ایسی ہی صورت حال سامنے آتی ہے۔ زنگولہ کو بعض روایات امیر خسرو سے منسوب کرتی ہیں، لیکن اس کے ایرانی اور عربی موسیقی کے پس منظر کی طرف بھی اشارے ملتے ہیں۔ اسی طرح سرپردہ کی اصطلاح بعد کی موسیقائی کتابوں میں نمایاں ہوتی ہے اور اس کے اصل ماخذ کے بارے میں قطعی اتفاق موجود نہیں۔ اس لیے ان راگوں کے سلسلے میں یہ کہنا زیادہ محتاط ہوگا کہ امیر خسرو نے ان سے استفادہ کیا یا ان کی تشکیل و ترویج میں کردار ادا کیا ہوگا، مگر ان کی بنیادی ایجاد کو صرف ان کی ذات سے منسوب کرنے کے لیے مزید مستند شواہد درکار ہیں۔ رشید ملک کے بقول:

> "راگ زنگولا کے بارے میں بھی ہماری معلومات کچھ اس قسم کی ہے زنگولا ایک ساز بھی تھا۔ ٹیپو سلطان کے عہد میں حسن علی دکنی نے ایک کتاب "مفرح القلوب" تصنیف کی تھی۔ اس کتاب کا موضوع موسیقی ہے اور مقدمے کا عنوان یہ ہے کہ: "در ذکر صدائے مردنگ وآواز گردش زنگولہ وصدائے کرکر" جس سے زنگولہ کا ایک ساز ہونا بھی ثابت ہوتا ہے۔ حجاز کی طرح یہ بھی ایرانی عربی نظام موسیقی میں ایک مقام ہے۔ اس کے گانے کا وقت نصف النہار ہے۔ اس کا ذکر پہلی دفعہ صرف "راگ منجری میں ملتا ہے یہ معلومات یہ ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ اس کا حضرت امیر خسرو سے کوئی تعلق نہیں ہے۔"(۸)

گھارا اور مجیر کے سلسلے میں بھی نسبت کا مسئلہ سامنے آتا ہے۔ اگر مجیر کو گھارا اور کسی ایرانی راگ کے امتزاج سے تشکیل پانے والا راگ سمجھا جائے تو اس صورت میں گھارا کی قدامت خود اس امکان کو کم کرتی ہے کہ وہ مکمل طور پر امیر خسرو کی ایجاد ہو۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ کسی قدیم راگ کو نئے انداز میں ترتیب دے کر یا کسی دوسرے موسیقائی نظام کے ساتھ ملا کر اس کی نئی صورت پیدا کی گئی ہو۔ موسیقی میں یہی عمل اکثر نئی صنف یا نئے راگ کی تشکیل کا باعث بنتا ہے۔ اس لحاظ سے امیر خسرو کا فنی مقام ایجاد سے زیادہ تخلیقی تشکیل، امتزاج اور نئے اسلوب کی تشکیل کے تناظر میں بھی سمجھا جا سکتا ہے۔ رشید ملک کے بقول:

> "ایک راگ "مجیر" بھی حضرت امیر خسرو کی ایجاد مانا جاتا ہے۔ اس کے متعلق دعویٰ یہ ہے کہ یہ راگ غارا اور ایک فارسی راگ سے مرکب ہے۔ اگر یہ دعویٰ درست مان لیا جائے تو راگ غارا کا حضرت امیر خسرو سے پہلے موجود ہونا ثابت ہو جاتا ہے۔ ایرانی موسیقی میں ہمیں مقام نوا کے شعبوں میں ایک شعبہ "نوروز خارا" ملتا ہے جو بہت قدیم لحن ہے۔ نوروز ایک علیحدہ لحن بھی ہے۔ نوروز ہمارے ہاں رواج پاکر "نوروچکا" بنا۔ ممکن ہے یہ خارا بھی ہمارے ہاں پہلے گارا اور پھر غارا بن گیا ہو۔" (۹)

ساز گیری کے بارے میں ایک اہم بات یہ ہے کہ اسے بعض محققین قدیم ایرانی راگ قرار دیتے ہیں۔ امیر خسرو نے اس راگ سے استفادہ کیا، لیکن ان کی اپنی تحریروں میں اس کی ایجاد کا واضح دعویٰ نہیں ملتا۔ بعد کے موسیقائی ماخذوں میں اسے امیر خسرو سے منسوب کیا گیا اور پھر یہی نسبت ایک روایت کی صورت اختیار کرتی گئی۔ اس مثال سے واضح ہوتا ہے کہ کسی فن کار کے ساتھ کسی چیز کی نسبت ہمیشہ اس فن کار کی اپنی صریح شہادت پر قائم نہیں ہوتی بلکہ بعد کے زمانے کے مصنفین، موسیقاروں اور روایتوں کا بھی اس میں بڑا کردار ہوتا ہے۔ رشید ملک "راگ درپن" کے تعلق لکھتے ہیں کہ:

> "یہ وہ واحد کتاب ہے جو حضرت امیر خسرو کے بعد راگ ساز گیری کا ذکر کرتی ہے اور اسے حضرت امیر خسرو کی ایجاد گردانتی ہے۔ سیف خاں کے بعد کے دانشوروں نے بغیر کسی تردد کے اس فیصلے کو قبول کر لیا اور بار بار آج تک اس بات کا اعادہ کرتے چلے آئے ہیں۔"(۱۰)

باخرز اور فرغانہ جیسے راگوں کے بارے میں بھی یہ بات سامنے آتی ہے کہ امیر خسرو ان سے واقف تھے اور انھوں نے اپنی موسیقائی سرگرمیوں میں ان کا استعمال کیا، لیکن استعمال اور ایجاد دو الگ تصورات ہیں۔ ایک فن کار کسی قدیم روایت کو نئی صورت دے سکتا ہے، اسے نئے سیاق میں استعمال کر سکتا ہے یا کسی دوسرے نظام کے ساتھ ملا سکتا ہے۔ ایسی صورت میں اس فن کار کا کردار غیر معمولی ضرور ہوتا ہے، لیکن اسے اس روایت کا اولین موجد قرار دینا الگ دعویٰ ہے۔ امیر خسرو کے بارے میں بھی یہی فرق برقرار رکھنا ضروری ہے۔ غنم، صنم اور منم جیسے ناموں کے بارے میں بھی شواہد یکساں نہیں۔ ان راگوں کی نسبت اور ساخت کے بارے میں روایات مختلف صورتوں میں ملتی ہیں۔ تاہم ان سب کے پیچھے جو بنیادی تہذیبی عمل نظر آتا ہے وہ ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کا باہمی اختلاط ہے۔ یہی اختلاط امیر خسرو کے موسیقائی ماحول کی بنیادی خصوصیت تھا۔ انھوں نے جس زمانے میں زندگی گزاری، وہ سیاسی اور تہذیبی روابط کے بڑھنے کا زمانہ تھا۔ موسیقی چونکہ زبان کی طرح سرحدوں سے محدود نہیں رہتی، اس لیے مختلف علاقوں کی دھنیں، ساز، تال اور گائیکی ایک دوسرے کو متاثر کرتی رہیں۔ ان کے فن کو سمجھنے کے لیے ان کے جمالیاتی شعور کو بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ وہ شاعر تھے، موسیقی سے واقف تھے اور صوفیانہ فکر سے وابستہ تھے۔ ان کی شخصیت میں حسن، آہنگ، معنی اور روحانی تجربہ ایک دوسرے سے مربوط نظر آتے ہیں۔ موسیقی محض تفریح کا ذریعہ نہیں بلکہ احساس اور جمالیاتی تجربے کی ایک صورت بھی ہے۔ امیر خسرو کے ہاں جمالیاتی ذوق نے زبان، شاعری اور موسیقی تینوں کو متاثر کیا۔ ان کی شاعری میں لفظ کے معنی کے ساتھ اس کی آواز، وزن، تکرار اور آہنگ کو بھی اہمیت حاصل ہے۔ یہی

خصوصیت ان کے کلام کو گائیکی کے لیے موزوں بناتی ہے۔ ہندوستان میں پیدا ہونے اور پرورش پانے کی وجہ سے امیر خسرو ہندوستانی تہذیب کے مختلف عناصر سے براہِ راست واقف تھے۔ ان کے عہد میں اسلامی اور ہندوستانی تہذیبی روایات کا باہمی رابطہ بڑھ رہا تھا۔ اس رابطے نے زبان، لباس، خوراک، فنون، ادب اور موسیقی سب کو متاثر کیا۔ موسیقی اس تہذیبی میل جول کا ایک ایسا میدان تھا جہاں مختلف عناصر نسبتاً آسانی سے ایک دوسرے میں جذب ہو سکتے تھے۔ ہندوستان میں موسیقی کو قدیم مذہبی اور تہذیبی روایت میں بھی بلند مقام حاصل تھا۔ ہند روایت میں سر، تال اور موسیقی کو روحانی اور مقدس تجربے سے وابستہ کیا جاتا تھا۔ فاروق ارگلی لکھتے ہیں کہ:

"خسرو نے بعض ایرانی دُھنوں کو ہندی موسیقی میں داخل کیا۔ ایسی راگنیاں یا دُھنیں بہت ہوں گی مگر زنگولہ حجاز، نوروز کے نام مشہور ہیں۔ یہ نام ہندیا لئے گئے ہیں اور جنگلا پیچ، نور چکا کے ناموں سے مشہور ہیں۔ دوسرا طریقہ انہوں نے یہ اختیار کیا کہ ہندی اور ایرانی راگوں کی آمیزش سے چند راگنیاں بنائیں اور تیسرے ہندی موسیقی میں چند دُھنیں ایجاد کیں۔"(۱۱)

ہندوستانی تہذیب میں موسیقی کی اس اہمیت کو دیکھتے ہوئے یہ سمجھنا مشکل نہیں کہ بیرونی موسیقائی روایت جب ہندوستانی ماحول میں داخل ہوئی تو اس پر مقامی اثرات کیوں پڑے۔ موسیقی کے ذریعے مذہبی، روحانی اور تہذیبی احساسات کا اظہار کیا جاتا تھا۔ سر اور تال کو منظم کرنے کے لیے باقاعدہ اصول وضع کیے گئے تھے اور مختلف ساز اس نظام کی تکمیل کرتے تھے۔ امیر خسرو کے عہد تک ہندوستانی موسیقی ایک طویل ارتقائی عمل سے گزر چکی تھی۔ اس ماحول میں ان کی جمالیاتی بصیرت اور تجرباتی مزاج نے انھیں مختلف موسیقائی عناصر کے درمیان نئے رشتے تلاش کرنے کی طرف مائل کیا۔

امیر خسرو کے فن میں لفظ اور آواز کا تعلق نہایت اہم ہے۔ جب شاعر لفظ کی آواز کو اس کے معنی کے ساتھ برتتا ہے تو زبان شعری حسن پیدا کرتی ہے، لیکن جب آواز، لے اور آہنگ اپنی مستقل موسیقائی قوت کے ساتھ سامنے آتے ہیں تو وہی لفظ موسیقائی تجربے میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ امیر خسرو کے ہاں یہ دونوں پہلو ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ ان کی نثر "اعجاز خسروی" میں بھی لفظی اور صوتی تجربات کی مثالیں ملتی ہیں۔ "افضل الفوائد" میں صوفیانہ اور روحانی موضوعات غالب ہیں، جب کہ دوسری تحریروں میں زبان کی صوتی اور معنوی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کیا گیا ہے۔ یوں ان کی ادبی اور موسیقائی بصیرت کو ایک دوسرے سے جدا کرنا آسان نہیں۔

امیر خسرو ہندوستانی اور ایرانی موسیقی کے نظاموں پر عبور رکھتے تھے۔ ان کے عہد میں موسیقی صرف دربار تک محدود نہیں تھی بلکہ خانقاہ، عوامی زندگی اور مختلف تہذیبی اجتماعات میں بھی موجود تھی۔ موسیقی کے اصولوں کو سمجھنے کے لیے قدیم سنسکرت موسیقی کی روایت اہم ماخذ بن سکتی ہے۔ پربندھ جیسی قدیم گائیکی میں مختلف دھاتو اور انگ متعین ہوتے تھے اور اس کے مختلف حصوں کو ایک مخصوص ترتیب میں پیش کیا جاتا تھا۔ اس قدیم روایت کو سمجھنے سے ہندوستانی موسیقی کے اس تاریخی پس منظر کا اندازہ ہوتا ہے جس میں بعد کے ادوار کی نئی اصناف نے جنم لیا۔

ہندوستانی موسیقی کی تشکیل میں جغرافیائی اور تہذیبی حالات نے بنیادی کردار ادا کیا۔ جس طرح زبانیں مختلف علاقوں میں مقامی ضروریات اور تاریخی حالات کے مطابق تشکیل پاتی ہیں، اسی طرح موسیقی بھی اپنے ماحول سے متاثر ہوتی ہے۔ افغانستان، ایران اور وسطی ایشیا سے آنے والے مسلمانوں کے ساتھ ان کے فن کار اور ہنرمند بھی ہندوستان آئے۔ مقامی آبادی سے

